Skills Development Scotland

the National Parent Forum of Scotland

# اپرینٹسشپ اختصار میں

اپرینٹشنس جوانوں کیلئے کام کے دوران مہارتوں کے حصول – 'دوران تعلیم کمائی' – کا ایک بہترین راستہ ہے.

یہ روایتي شعبوں تک محدود ہوا کرتا تھا، مگر اب ایسا بلکل نہیں ہے.

سکاٹش سپانسرشپس کو حکومت سکاٹلنڈ مدد فراہم کرتی ہے اور صنعت کی طلب کی مطابق مہارتوں کی خلا کو پر کیا جاتا ہے اور تعلیم اور اجروں کے درمیان مظبوط تر رابطہ پیدا کیا جاتا ہے.

ناقابل یقین متنوع کاموں کی پیشکش کی جارہی ہے جن میں سے زیادہ تر کا تعلق ان سیکٹروں سے ہے جہاں مناسب طورپر ماہر افراد کی حقیقی قلت ہے. آجر ایسی متنوع افرادی قوت کے فائیدوں کو تسلیم کرتے ہیں.

سکاٹش اپرینٹشپس نوجوانوں کو کام پر مبنی سیکھنے کی تلاش سے متعلق ایسے لچکدار اورعملی مواقع فراہم کرتی ہے جو ان کی ضروریات، اہداف او خواہشات کے مطابق ہیں، او ساتھ ہی ساتھ انہیں محنت کی دنیا کا براہ راست تجربہ فراہم کیا جاتا ہے.

اپرینٹشب ایک ایسے نوجوان کیلئے ہوسکتی ہے جو اب بھی سکول میں ہے یا پھر وہ نوجوان جو سکول چھوڑنے کے بعد اپنے اختیارات پر غور کررہے ہوں.

یہ گائیڈ اپرینٹشپس سے متعلق تمام ضروری چیزیں آپ کو بتاسکتی ہے تاکہ آپ کو درست راستہ او روشن مستقبل کے انتخاب میں مدد مل سکے.

تین اقسام ہیں:
**فاؤنڈیشن اپرینٹسشپس** میں سکول مضامین کیساتھ تعلیم اور تربیت یکجا ہوتی ہے
**ماڈرن اپرینٹسشپس** میں تربیت کیساتھ قابل معاوضہ کام یکجا ہوتا ہے
**گریجویٹ اپرینٹسشپس** میں ماسٹر لیول تک تعلیم کیساتھ قابل معاوضہ کام یکجا ہوتا ہے

تینوں اقسام کا مقصد ایک ہی ہے: کہ نوجوانوں کو وہ مہارتیں او علم فراہم کیا جائے جو انہیں اپنی پسند کی صنعت میں کیرئر کی نشونما کیلئے درکار ہو. اپرینٹسشپس میں صنعت سے تسلیم شدہ کوالیفیکیشنز کا حصول ہوتا ہے. پھر وہ مزید پڑھائی یا پیشرفتہ تربیت، اور بہترین اور اچھی تنخواہ والے کیرئر تک رسائی پاسکتے ہیں.

**آغاز کرنا**

apprenticeships.scot ویبسائٹ ان نوجوانوں کے رہنما نکات، ویڈیوز او کیس سٹڈیز سے بھرا پڑا ہے جنہوں نے اپرینٹشپس کا راستہ اختیار کیا ہے. اس میں آپکے ایریا میں دستیاب کاموں کی تازہ فہرست بھی موجود ہے.

My World of Work ویبسائٹ آغاز سے متعلق دوسرا اچھا ذریعہ ہے. یہ اپکی صلاحیتوں اور شوق کا سکول کے مضامین کے ساتھ موازنہ کرنے کی وضاحت کرتا ہے. یہ سی وی لکھنے، درخواست فارم بھرنے او انٹرویو کیلئے تیاری سے متعلق بھی رنمائی فراہم کرتا ہے.

# فاؤنڈیشن اپرینٹسشپس (Foundation Apprenticeships)

**سیکنڈری سکول کے شاگردوں کیلئے کام پر مبنی کوالیفیکیشن**

فاونڈیشن اپرینٹسشپس ان طالب علموں کیلئے ڈیزاین کیا گیا ہے جو عمومی طور پر سال پنجم سے آغاز کرکے ہائر اینڈ نیشنل کیلئے پڑھتے ہیں، اور یہ نوجوانوں کیلئے کلیدی نشونما کے شعبوں میں تجربے اور صنعت کی جانب سے تسلیم شدہ کوالیفیکشن کے حصول کا مثالی رستہ ہے.

سکاٹش واٹر، این ایچ ایس او مقامی اتھارٹیز کے بشمول سکاٹلنڈ کی بعض سب سے بڑی تنظیمیں اس میں شامل ہیں.

یہ نوجوانوں کیلئے غظیم راستے ہیں تاکہ وہ کیرئر بنانے کی کوشش کرلیں اور دیکھ لیں کہ ایا یہ ان کیلئے درست ہے.

شاگرد سکول کے ہفتے کا کچھ وقت کالج (یا سیکھنے کا موقع دینے والے کیساتھ) میں اور آجر کیساتھ گزارتا ہے تاکہ عملی کام کا تجربہ حاصل کرلے اور ساتھ ہی ساتھ صنعتی طور پر تسلیم شدہ کوالیفیکیشن SCQF Level 6 کا حصول – جوکه ہائر درجے کے سیکھنے کے برابر ہے.

ان کی تکمیل میں عمومی طور پر دو سال تک وقت لگ جاتے ہیں.

**یہ کس طرح کام کرتا ہے؟**

سکول سے باہر جو وقت گزرجاتا ہے وہ شاگرد کے کلاس کے ٹائم ٹیبل میں ان کے زیر مطالعہ دوسرے مضامین میں شمار کیا جائے گا. باہر گزرنے والا یہ وقت، جوکہ عموماً ہفتے میں دو سہ پہر ہوتے ہیں جو كه ایک مقامی کالج (یا سیکھنے کا موقع فراہم کرنے والے کیساتھ) اور آجر کیساتھ گزر جاتا ہے، انہیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ اپنے پسندیدہ فیلڈ میں مہارتیں سیکھ لیں، مفید صنعتی روابط کو ترقی دے دیں اور کام کی جگہ میں عملی تجربے کا آغاز کرلیں.

اگر اس پیمانے سے لگتا ہو کہ یہ ان کیلئے درست کیرئر نہیں ہے تو پھر بھی انہوں نے ایک صنعتی طور پر تسلیم شدہ کوالیفیکیشن حاصل کیا ہوگا اور وقت کی پابندی، مسائل کا حل او ٹیم ورک جیسی مہارتیں حاصل کی ہوگی – جو کہ تمام آجر ان لوگوں میں دیکھنا چاہتے ہیں جو ان کے لئے کام کرتے ہیں.

**ادائگی کون کرتا ہے؟**

شاگردوں یا ان کے فیملی والوں کو کوئی قیمت ادا نہیں کرنی پڑتی.

**فاونڈیشن اپرینٹسشپ کہاں تک جاسکتی ہے؟**

جب اایک نوجوان نئی مہارتوں، صنعتی طور پر تسلیم شدہ کوالیفیکیشن اور لمبے عملی تجربے سے لیس ہوجاتا ہے، تو وہ اسے فاونڈیشن اپرینٹسشپ مکمل کرنے کی بہترین راہیں میسر ہوں گی.

- وہ ماڈرن اپرینٹسشپ میں جلد ہی داخلہ لے سکتے ہیں، اگر ان کا مضمون وہی ہو جو فاونڈیشن اپرینٹسشپ میں تھے. اگر مضمون مختلف ہو تو انہوں نے پہلے سے مضمون سیکھنے کا تجربہ حاصل کیا ہوگا، جو کہ ان آجروں کو اچھا لگتا ہے جو ماڈرن اپرینٹسیز (شاگردوں) کو بھرتی کرتے ہیں.
- وہ پڑھائی میں ڈگری اور ڈپلومه تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں: سکاٹش جامعات اور کالجیز فاونڈیشن اپرینٹسشپس کو ہائر Higher کے برابر سمجھتے ہیں.
- وہ گریجویٹ اپرینٹسشپ بھی شروع کرسکتے ہیں، جسمیں وہ آجر کیلیئے کام کرنے کیساتھ ڈگری کیلیئے پڑھائی بھی کرتے ہیں.
- وہ جاب مارکیٹ میں داخل ہوسکتے ہیں: ان کا عملی تجربہ، کام کیلئے تیاری اور نئی مہارتیں ان کی سی وی CV کو ممتاز بنا دے گی اور دوسرے امیدواروں کے مقابلے میں انہیں ترجیح فراہم دے گی.

فاونڈیشن اپرینٹسشپس کئی ایسے مضامین میں دستیاب ہے جن کا تعلق ترقی کے سیکٹروں سے ہے:

- کاروباری مہارتیں
- سول انجنئرنگ
- تخلیقی اور ڈیجیٹل ڈیٹا
- انجنئرنگ
- مالیاتی خدمات
- ہارڈوئر اور سسٹم سپورٹ
- سائنسي ٹیکنالوجیز
- سماجی خدمات اور صحت
- سماجی خدمات – اطفال اور نوجوانان
- سافٹ وئر ڈیولپمنٹ
- اکاونٹنسی
- کھانے اور پینے کی ٹیکنالوجی

# ماڈرن اپرنٹسشپس (Modern Apprenticeships)

**کام اور تعلیم، کوالیفیکیشن حاصل کرنے کے دوران تنخواہ کا حصول**

ماڈرن اپرنٹسشپس ہر اس فرد کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے جس کی عمر16 سال سے زیادہ ہو اور جس نے سکول کو خیرباد کہہ دیا ہو.

ماڈرن اپرینٹیسیز (شاگرد) اجیر ہوتے ہیں، اسی لئے وہ براہ راست کمانا شروع کرلیتے ہیں. جب وہ صنعتی طور پر مسلم کوالیفیکیشن کے حصول کیلئے کوشش کرتے ہیں تو وہ کام اور دوران کار تربیت کے مجموعے کے ذریعے قابل قدر مہارتوں اور تجربے کو ترقی دیتے ہیں.

ماڈرن اپرینٹیسیز(شاگردوں) کی اکثریت اسی راہ کو پسند کرتے ہوں گے.

**یہ کس طرح کام کرتا ہے؟**

آجر، مقامی طور پر تربیت فراہم کرنے والا او سکلز ڈیویلپمنٹ سکاٹلنڈ مشترکہ طور پر ماڈرن اپرینٹسشپس کو چلاتے ہیں. ان کے تین بنیادی اجزا ہیں:

- متعلقہ کوالیفیکیشن (SCQF 5 to 11)
- مرکزی مہارتیں
- صنعت سے منسلک تربیت

عام طور پر تربیت کام کی جگہ پر ہی دی جاتی ہے، مگر کام سے دور کہیں کسی تربیتی مرکز یا کالج میں بھی اس کا اہتمام کیا جاسکتا ہے.

**ادائگی کون کرتا ہے؟**

سکلز ڈیولپمنٹ سکاٹلنڈ تربیت کی لاگت میں حصہ ڈالتا ہے اور ماڈرن اپرنٹیس (شاگرد) کیلئے آجر ادائگی کرتا ہے.

**ماڈرن اپرنٹسشپ کی منزل کیا ہے؟**

ماڈرن اپرنٹیسیز (شاگرد) جب اپنی تربیت مکمل کرلیتے ہیں اور صنعتی طور پر تسلیم شدہ کوالیفیکیشن سے لیس ہوجاتے ہیں تو یہ ان کیلئے اپنے کیرئرز میں ترقی کرنے کا بہترین موقع ہوتا ہے.

جنہوں نے اپنی اپرنٹسشنس کو مکمل کرلیا ہے ان کے بارے میں سکلز ڈیولپمنٹ سکاٹلنڈ کی نئی ارقام یوں ہیں:

- 91 % نے کام کا آغاز کیا ہے یا پھر انہوں نے مزید تعلیم کے حصول کا انتخاب کیا ہے.
- تین چوتھائی کو تو اسی آجر نے رکھ لیا.
- پانچ میں سے چار نے پہلے سے ہی کم از کم اپنے کیرئر میں ایک پیشرفت کو دیکھ ہی لیا ہے، مثال کے طور پر یا تو اس وقت زیادہ تنخواہ لے رہے ہیں یا پھر زیادہ ذمہ داریوں والے کام کررہے ہیں

کامیاب ماڈرن اپرینٹسیز (شاگردوں) کیلئے یہ بھی ممکن ہے کہ تیزی کیساتھ متعلقہ مضمون میں گریجویٹ اپرینٹشش میں داخلہ حاصل کرلیں.

لگ بھگ 80 مختلف قسم کے ماڈرن اپرینٹسشپس ہیں. ایک جوان شخص کی مہارتوں، توانائیوں، دلچسپیوں، خواھشات او تعلیم کو دیکھ کر اس کیلئے مناسب اپرنٹسشپ ڈھونڈنے میں مدد ملتی ہے. وہ مندرجہ ذیل میدانوں میں اپرنٹسشپ کیساتھ اپنے کیرئر کا آغاز کرسکتے ہیں:

- اکاؤنٹنسی
- چائلڈ کئر
- عمارت سازی
- تخلیقی صنعت
- سائبر سیکیورٹی
- ڈیجیٹل مارکیٹنگ
- انجینئرنگ
- فائنانس
- صحت
- آئی ٹی اینڈ دیجیٹل
- قابل تجدید توانائی
- سائنس
- کھیل
- ٹیکسٹائل اور فیشن

# گریجویٹ اپرنٹسشپس (Graduate Apprenticeships)

**کام کی نئی راہ، سیکھو اور سیکھو**

گریجویٹ اپرنٹسییز (شاگرد) معاوضے والے کام کرتے ہیں اور وہ زیادہ تر وقت سیکھنے میں لگالیتے ہیں، مگر وہ یونیورسٹی یا کالج کے طالب علم بھی ہوتے ہیں.

گریجویٹ اپرنٹسشنپس نوجوانوں کو موقع فراہم کرتی ہیں کہ وہ براہ راست اپنے علم کو عملی جامہ پہنا کر حقیقی دنیا میں حقیقی پراجیکٹس کے مسائل کا حل پیش کردیں.

یہ صنعت کی جانب سے صنعت ہی کیلئے بنائی گئی ہیں تاکہ اپرنٹسیز (شاگرد) پراعتما رہیں کہ جو کچھ وہ سیکھ رہے ہیں وہ ان کے کام کیلئے مناسب اور دست ہے.

فی الحال یہ SCQF level 8 (DipHE) سے لیکر SCQF level 11 (Master’s degree level) لیول تک دستیاب ہیں.

فاؤنڈیشن یا ماڈرن اپرنٹسشپ کی بعد گریجویٹ اپرنٹسشپ متعلقہ میدان میں اگلا قدم ہوسکتا ہے.

**یہ کیسے کام کرتا ہے؟**

اپرنٹسیز (شاگرد) زیادہ تر وقت اپنے آجر کیساتھ گزار لیتے ہیں جبکہ باقی ماندہ وقت یونیورسٹی یا کالج میں گزارتے ہیں. دوسرے طلباً کیطرح انہیں سبھی سہولیات اور فائیدوں تک رسائی حاصل ہوتی ہیں.

آجر اور یونیورسٹی کام اور پڑھائی کو الگ کرنے کے بارے میں فیصلہ کرتے ہیں. بعض صورتوں میں شاگرد ہفتے میں صرف ایک دن کلاس میں حاضر ہوتے ہیں. دوسری صورتوں میں ہوسکتا ہے کہ آن لائن پڑھائی ہو، یا پھر سال بھر کئی ہفتوں کے مجموعوں پر مشتمل پڑھائی ہو.

**ادائگی کون کرتا ہے؟**

کالج اور یونیورسٹی مکمل طور پر فنڈڈ ہوتے ہوتے ہیں، اور بطور اجیر اپرنٹسیز اپنی تنخواہ بھی کماتے ہیں.

**گریجویٹ اپرنٹسشپ کی منزل کہاں تک ہوسکتی ہے؟**

یہ نصاب اور کوالیفیکیشن صنعت کی جانب سے صنعت ہی کیلئے بنائے گئے ہیں تاکہ اچھے تربیت یافتہ اور ماہر کاریگر پیدا کئے جائیں. ایک گریجویٹ شاگرد جو کچھ بھی سیکھ لیتا ہے وہ اس کے مستقبل کے کیرئر کیلئے درست ہوگا.

**مزید معلومات**

تمام نئی اسامیوں اور آغاز کرنے سے متعلق مشورے او معلومات کے بارے میں apprenticeships.scot دیکھ لیں.

سکول کے کیرئر ایڈوائزر یا گائڈ ٹیچر کو بھی تینوں اقسام کی اپرنٹسشپس کے متعلق تفصیلات کا پتہ ہوگا.

سکاٹلنڈ بھر میں کئی کالجوں اور یونیورسٹیوں میں مندرجہ ذیل گیارہ کورس منتخب کرنے کیلئے دستیاب ہیں:

- انجینئرنگ: انسٹرمنٹیشن، میژرمنٹ اینڈ کنٹرول (SCQF level 10)
- بزنس مینیجمنٹ: فائنانشل سروسز(SCQF level 10)
- سول انجینئرنگ (SCQF level 10)
- کنسٹرکشن: بلٹ اینوارنمینٹ (SCQF level 10)
- آئی ٹی: سائبر سیکیورٹی (SCQF level 10)
- آئی ٹی: سائبر سیکیورٹی (SCQF level 11)
- بزنس منیجمنٹ (SCQF level 10)
- آئی ٹی: سافٹ وئر ڈیویلپمنٹ
- آئی ٹی: منیجمنٹ فار بزنس
- انجنئرنگ: ڈیزائن اینڈ مینوفیکچر
- سول انجنئرنگ

## نوجوان جنہیں اضافی امداد کی ضرورت ہو

اپرنٹسشپ لینے والے ڈسیبلڈ (اپاھج) افراد کیلئے امداد دستیاب ہے، اور ہوسکتا ہے کہ ورک گرانٹس جیسی اضافی امداد تک رسائی کے بھی حقدار ہوں. apprenticeships.scot کی اسامیوں میں دو صاد (now known as Disability Confident) کی علامت کا مطلب یہ ہے کہ امیدواروں کو انٹرویو کی ضمانت دی جاتی ہے اگر وہ بطور ڈسیبلڈ (اپاھج) کے اپنے آپ کی شناخت کرادیں اور اسامی کے لئے کم از کم معیار کو پورا کرتے ہوں.

## مفید ویبسائٹس

Apprenticeships.scot - www.apprenticeships.scot

My World of Work - www.myworldofwork.co.uk

Skills Development Scotland - [www.skillsdevelopmentscotland.co.uk](http://www.skillsdevelopmentscotland.co.uk)

Skills Development Scotland
European Union
gov.scot
EUROPE & SCOTLAND
European Social Fund
Investing in a Smart, Sustainable and Inclusive Future